پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 0502 2266 22 91 فیکس: 22660358 22 91

12 جولائی 2019

نوبل کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، نوئیڈا (یو، پی) ۔ جرمانہ عائد

ریزروبینک آف انڈیا نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47A(1)(c) جس کو سیکشن 46(4)(i) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے (جیسا کہ کوآپریٹیو سوسائٹیز پر لاگو ہے) کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ''نوبل کوآپریٹیو بینک لمیٹیڈ، نوئیڈا (یو، پی) پر ایک لاکھ روپیہ (Rs.1,00,000) کا مالیاتی جرمانہ عائد کیا ہے۔ اس پر یہ جرمانہ آر بی آئی کی فراڈس (دھوکہ دھڑی) کی درجہ بندی اور اُن کی رپورٹنگ سے متعلق انسٹرکشنس / رہنما خطوط کی خلاف ورزی کرنے کی وجہ سے عائد کیا گیا ہے۔

ریزروبینک نے اس بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا۔ اس کے جواب میں بینک نے ایک تحریری جواب نامہ داخل کیا اور ذاتی سماعت میں شمولیت کی۔ معاملہ کی نوعیت اور حقیقت پر غور کرنے، بینک کے تحریری جواب اور ذاتی سماعت پر غور کرنے کے بعد ریزروبینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور جرمانہ عائد کر دیا۔

یوگیش دیال

چیف جنرل منیجر

پریس ریلیز: 131/2019-2020